آخرت کا بھی ذریعہ بنا دو۔ بہرحال فاضل مؤلف نے بڑی محنت اور عرقریزی سے کتابچہ مرتب کیا ہے اور نئے طبقوں میں اسلامی معاشیات کے تعارف کرانے کے ایسے مساعی قابلِ قدر ہیں۔ صفحات ۱۷ اور قیمت دو روپے ہے ــــ ملنے کا پتہ قمر کتاب گھر اردو بازار کراچی۔

اذانِ سحر | صفحات ۱۴۸، قیمت ۲/۵۰ روپے، ناشر عزیزیہ پبلی کیشنز ۵۶ میکلوڈ روڈ لاہور

قائد جمعیۃ مولانا مفتی محمود صاحب وزیرِ اعلیٰ سرحد کی شخصیت جامع صفات و کمالات ہے۔ ان کی کتابِ زندگی، علم و عمل، دین و سیاست، قیادت و امارت، فراست و بصیرت کا ایک حسین و جمیل البم ہے۔ اذانِ سحر میں ان کے کئی فکر انگیز انٹرویوز اور بصیرت افروز تقاریر کو یکجا کیا گیا ہے۔ قومی اسمبلی میں عائلی قوانین پر تنقیدی تقریر تو کتاب کی جان ہے۔ مفتی صاحب مدظلہ کی ہمہ گیر زندگی متنوع خدمات اور افکار و نظریات پر اس مجموعہ سے روشنی پڑے گی۔ جمعیۃ کو لٹریچر کے میدان میں بہت پہلے ایسی چیزوں کی ضرورت تھی، عزیزیہ پبلی کیشنز اب نہایت عمدہ ذوق کے ساتھ اس خلاء کو پر کرنے کی کوشش کرنے لگا ہے۔ اور اسکی یہ اوّلین پیشکش "اذانِ سحر" ہر لحاظ سے تحسین کی مستحق ہے۔

اسلام کا نظامِ عبادت | نور محمد غفاری ایم اے، صفحات ۱۶۸، قیمت ۳/۵۰ روپے، ناشر شیخ محمد بشیر اینڈ سنز جلال الدین بلڈنگ چوک اردو بازار لاہور۔

اسلام کے تصورِ عبادت کا دیگر جاہلانہ تصورات سے موازنہ کے بعد نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج، جیسی اہم عبادات کے انفرادی اجتماعی سیاسی، معاشرتی مصالح اور ان عبادات کی اہمیت پر سیر حاصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ عام مسلمانوں کے ساتھ ایم اے اور بی ایڈ کے طلبہ کا افادہ بھی مؤلف کے پیش نظر ہے پہلے باب تصورِ عبادت کا اکثر حصہ علامہ سلیمان ندویؒ کے خطباتِ مدراس سے ماخوذ ہے۔ باقی حصے بھی بڑی محنت سے مرتب کئے گئے ہیں۔ اشاعت سے قبل شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ سے نظر ثانی کرائی گئی ہے۔ مؤلفِ کتاب کا تصنیفی میدان میں یہ نقشِ اوّل انشاء اللہ ان کی شاندار علمی خدمات کا پیش خیمہ ثابت ہوگا ــــ۔

تقاریر مجاہدِ ملت | مولانا سید منظور احمد شاہ کہروڑی۔ صفحات ۱۱۲، قیمت ۲/۵۰ روپے، ناشر: خالد، طارق سید برادران خانقاہ مخدوم طاہرسی کہروڑ پکا، ضلع ملتان ــــ فدائے ختم نبوت بے نظیر مجاہد اور لاجواب خطیب، بطلِ جلیل مولانا محمد علی جالندھریؒ کی خطیبانہ کاوشوں اور معرکۃ الآراء تقریروں کی ایک جھلک اس کتاب میں نظر آئے گی۔ مولاناؒ کی ان تقاریر میں کئی اہم دینی مسائل پر عام فہم زبان اور چھوٹے چھوٹے جملوں میں بڑا کارآمد مواد موجود ہے، مرزائیت، دفاعِ پاکستان، کمیونزم وغیرہ پر خطبات جمع کئے گئے ہیں۔ (سمیع الحق)

■■